سوال

(230)جماعت اہل حدیث کےلیے عنایت اللہ مشرقی کوامیر مقررکرنا جائزہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

جماعت اہل حدیث کےلیے عنایت اللہ مشرقی کوامیر مقررکرنا جائزہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

جماعت اہل کے کسی فرد کےلیے یہ جائزنہیں ہے کہ عنایت اللہ مشرقی کواپنا امیر مقررکرے یااس کواپنا سردار بنائے ۔

(1)اس نے اپنی کتاب (عربی واردو) میں ایسی خرافات باتیں لکھیں ہیں جنس سے اس کے مسلمان ہونے مین شبہ ہوتا ہے ۔

(2)اس کے نزدیک حدیث رسول کا وہ مرتبہ نہیں ہے جوقرآن سے ثابت ہے اورہمارے نزدیک مسلم ہے ۔

(3)وہ اپنی اطاعت پیغمبر والسلام طرح بلاچوں وچرا واجب التسلیم جا نتا ہے ۔

(4)اس کی تحریک کا کوئی صحیح مقصد معلوم نہیں ہوتا ۔

ھذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ شیخ الحدیث مبارکپوری

جلد نمبر 2۔کتاب الاِمارۃ

صفحہ نمبر 436